# نُورِ اِسلام

## اسلامیات

برائے جماعت اول

**رہنمائے اساتذہ**



Laurel Publishers
Registered with PCTB & AJKTBB

Laurel Publishers

# پیش لفظ

لارل پبلشرز نے یکساں قومی نصاب 2020ء کے اساسی خدوخال، بنیادی مقاصد اور معاشرتی و عصری دینی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سردست جماعت اول تا پنجم کے لیے "نور اسلام" کے عنوان سے اسلامیات کی نصابی کتب کی ایک منفرد سیریز متعارف کرائی ہے۔ یہ سیریز دینی نقطہ نظر سے جملہ عصری معاشرتی ضروریات اور حزم و احتیاط کے عمومی و خصوصی پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر تحریر کی گئی ہے۔ کتب کا یہ سلسلہ اپنے اندر ایک طرح کا نصاب امن ہے جو تمام مکاتب فکر کے لیے یکساں طور پر قابل قبول ہو گا۔ اس کو تحریر کرتے ہوئے تمام مسلمات اور جملہ مکاتب فکر کے مقدسات کا پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔


مصنفین : ڈاکٹر علی وقار قادری

راضیہ شاہین

تیار کنندہ : محمد طلحہ علوی

ڈیزائنر : جہاں زیب

ناشر : لارل پبلشرز



## جملہ حقوق بحق لارل پبلشرز محفوظ ہیں

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

# تدریس اسلامیات کے مقاصد (برائے جماعت اول تا پنجم)

یکساں نصاب اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

۱۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالی ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدہ ختم نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قران مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالی کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدق دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں

۴۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں۔ سچے دل سے سیرت اور اسوہ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سرانجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموز و اوقاف، درست تلفظ اور روادانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔ اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق و شوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

۶۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آداب معاشرت، حسن اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں، اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاع وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاق حسنہ، مثلاً خدمت خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم و ضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاق رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور، تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروں کاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابۂ کرام رضی اللہ تعالی عنھم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۳۔ اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے۔ اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔ اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انہیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۴۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجرکاری اور پانی مہم جیسی سرگرمیوں میں پرجوش حصہ لے سکیں۔

Laurel Publishers

# فہرست


| سبق نمبر | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید | 4 |
| | جزو (الف)ناظرہ | 4 |
| | جزو (ب)حفظ | 4 |
| | جزو (ج)تعارف | 4 |
| 2 | اللہ تعالیٰ(توحید کا تعارف) | 6 |
| 3 | حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم | 8 |
| | جزو (الف)کلمہ طیبہ (حفظ و ترجمہ) | 8 |
| | جزو (ب)حدیث (حفظ و ترجمہ) | 9 |
| | جزو (ج)پیارے نبی کی پیاری دعا | 10 |
| | جزو (د)اِسلامی آداب | 10 |
| 4 | نبوت ورسالت | 11 |
| 5 | خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم | 12 |
| | جزو (الف)تعارف | 12 |
| | جزو (ب)اخلاقِ حسنہ | 15 |
| | جزو (ج)پیارے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین | 17 |
| 6 | عبادات | 18 |
| | جزو (الف)مسجد | 18 |
| | جزو (ب)اذان | 20 |
| | جزو (ج)نماز | 21 |
| 7 | آداب زندگی | 23 |
| | جزو (الف)اچھے اخلاق | 23 |
| | جزو (ب)سلام کرنا(السلام علیکم) | 24 |
| | جزو (ج)صفائی | 26 |
| 8 | انبیائے کرام علیہم السلام | 28 |


Laurel Publishers

# قرآنِ مجید

## جزو (الف) ناظرہ

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- قرآنی قاعدے کے ذریعے تجوید کے قواعد جیسے درست مخارج کے ساتھ حروف کی اشکال اور اصوات، زبر، زیر پیش، جزم، قلقلہ، غنہ، تشدید، مد کھڑی زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش وغیرہ سمجھ سکیں۔
- قرآن مجید کی آخری چار سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔

**نوٹ برائے اساتذہ:**

- یکساں قومی نصاب برائے اسلامیات (لازمی) ۲۰۲۰ء کے مطابق قرآنی قاعدہ اور قرآن مجید کی آخری چار سورتیں سورۃ اللھب، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس بطور ناظرہ پڑھنا لازم ہے۔
- کتاب "تعلیم القرآن (پارہ30)" سے یہ سورتیں ترجمہ کے ساتھ بچوں کو پڑھائیں۔

## جزو (ب) حفظ

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**سرگرمیاں:**

- طلبہ کی قرأت کے درستی کے لیے ان کو کسی معروف قاری کی آواز میں تلاوت سنائیں۔
- www.irfanulquran.com اور www.tinzil.net پر جائیں اور قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ اپنے من پسند قاری اور من پسند سورتوں اور آیات کا انتخاب کر کے براہ راست سنیں۔
- جماعت میں ان سورتوں کو خوش الحانی سے پڑھنے کا مقابلہ کرائیں۔

## جزو (ج) تعارف

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- بتا سکیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔
- قرآن مجید کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ چار کتابوں کے نام بتا سکیں۔
- ان انبیاء کرام علیھم السلام کے نام جان سکیں جن پر یہ کتابیں نازل ہوئیں۔

Laurel Publishers

## مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب کا نام بتائیں؟**

جواب: قرآن مجید

2. **قرآن مجید کس نبی علیہ السّلام پر نازل ہوا؟**

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم

3. **قرآن مجید کی پہلی وحی کس مقام پر نازل ہوئی؟**

جواب: غارِ حرا

4. **حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی طرف اللہ تعالیٰ کی وحی کون لے کر آتا تھا؟**

جواب: حضرت جبرائیل علیہ السلام

5. **قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے سے کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟**

جواب: دس نیکیاں

**ب: اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ چار کتابوں کے نام تلاش کریں۔**

تورات مقدس زبور مقدس انجیل مقدس قرآن مجید

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ل | ی | ج | ن | ا |
| ق | م | و | ز | ع | ن |
| ر | د | ء | ب | س | ک |
| آ | س | ہ | و | ز | ل |
| ن | ت | ا | ر | و | ت |
| و | چ | پ | س | ط | م |

**ج: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| الف | ب |
|---|---|
| قرآن مجید میں سورتیں ہیں | 30 |
| قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت ہے | سورۃ البقرہ |
| قرآن مجید میں پارے ہیں | 23 |
| قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت ہے | 114 |
| قرآن مجید سالوں میں نازل ہوا | سورۃ الکوثر |

**سرگرمیاں:**

1. قرآن مجید کا نسخہ بچوں کو دکھائیں۔ انہیں بتائیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ بچے قرآن مجید کو ادب سے اٹھائیں اور چومیں۔
2. بچوں کو بتائیں کے قرآنِ مجید کو محض کھول کر دیکھنا بھی عبادت ہے۔ تاکہ بچے ہر روز دیکھیں اور قرآن سے تعلق قائم ہو۔
3. روزانہ تلاوت کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

Laurel Publishers

سبق نمبر ۲

# اللہ تعالیٰ (توحید کا تعارف)

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی توحید سے متعارف ہو سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات بشمول انسان کے خالق ہیں۔
- اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کے نام بتا سکیں مثلاً چاند، ستارے، سورج، درخت، جانور، پرندے وغیرہ۔
- یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

## مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **ہم سب کو کس نے پیدا کیا؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ

2. **اللہ تعالیٰ کی پانچ نعمتوں کے نام بتائیں۔**

**جواب:** سورج، چاند، ستارے، پھل، پھول


3. **ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے کیا کہنا چاہیے؟**

**جواب:** الحمد للہ

4. **تمام انسانوں، پرندوں اور جانوروں کو کھانا کون دیتا ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ

**ب: تصاویر کی مدد سے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں۔**


اللہ تعالیٰ نے چاند بنایا


اللہ تعالیٰ نے سورج بنایا۔



اللہ تعالیٰ نے سیب بنایا۔


اللہ تعالیٰ نے انگور بنایا


اللہ تعالیٰ نے پہاڑ بنایا۔


اللہ تعالیٰ نے انار بنایا۔

Laurel Publishers

| | |
|---|---|
|  |  |
| اللہ تعالیٰ نے گھاس بنائی۔ | اللہ تعالیٰ نے جھیل بنائی۔ |

**ج: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

سیر ایک الحمدللہ پیدا نعمتیں

1. اللہ تعالیٰ **ایک** ہے
2. ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے **پیدا** کیا
3. احمد اپنے بابا کے ساتھ صبح کی **سیر** کے لئے گیا
4. اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت ساری **نعمتیں** عطا کی ہیں
5. ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے **الحمد للہ** کہنا چاہیے

**سرگرمیاں:**

1. طلبہ میں تصاویر تقسیم کریں اور انہیں دو حصوں میں بانٹنے کو کہیں

**الف:** وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ہیں۔

**ب:** وہ چیزیں جنہیں انسان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت، علم اور عقل سے بناتے ہیں۔

2. اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ایسی پانچ چیزوں کو ایک چارٹ پر لگوائیں جن کو ہم روزانہ کی بنیاد پر استعمال کرتے ہیں۔

Laurel Publishers

# حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## جزو (الف) کلمہ طیبہ (حفظ و ترجمہ)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- کلمہ طیبہ کو درست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔
- کلمہ طیبہ کے ترجمے کو اچھے طریقے سے یاد کر سکیں۔

**مشق**

**الف: کلمہ طیبہ زبانی یاد کریں۔**

**ب: کلمہ طیبہ کا ترجمہ یاد کریں۔**

**ج: کلمہ طیبہ میں رنگ بھریں۔**

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

**سرگرمیاں:**

- کلمہ طیبہ کا جلی حروف میں ترجمہ کے ساتھ چارٹ بنوا کر کلاس میں آویزاں کریں۔
- ایک یا دو پیراگراف پر مبنی تقاریر جن کا موضوع کلمہ طیبہ ہو، بچوں کو تیار کر کے دیں اور کلاس میں مقابلہ کرائیں جس سے بچوں میں اعتماد بھی پروان چڑھے گا اور ضروری معلومات بھی تمام بچوں تک پہنچ جائیں گی۔

**ہدایت برائے والدین:**

گھر میں بچوں کو زبانی کلمہ یاد کرنے کے لئے بار بار دہرائی کرائیں۔

Laurel Publishers

## جزو (ب) حدیث (حفظ و ترجمہ)

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- حدیث صحیح اور اس کے ترجمے کو زبانی یاد کر سکیں۔
- حدیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں اس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

### مشق

**ہدایت برائے اساتذہ:**

حدیث رسول یاد کراتے ہوئے بچوں کو اس انداز سے حدیث کا درس دیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی محبت دل میں پیدا ہو اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے اقوال سے دلچسپی پیدا ہو۔

**الف:** حدیثِ مبارکہ کو زبانی یاد کریں۔

**ب:** حدیثِ مبارکہ کا ترجمہ یاد کریں۔

**ج:** کالم ملائیں۔

| الف | ب |
|---|---|
| صفائی | صفائی سے ہے |
| اچھی صحت | آدھا |
| ناخن کاٹیں | نصف ایمان |
| نصف کا مطلب | ہر مہینے |
| بال کٹوائیں | ہفتے میں ایک بار |

**سرگرمیاں:**

- بریک میں بچوں سے وضو کرائیں۔
- بچے ہر روز صاف ستھرے کپڑے، جوتے پہن کر آئیں اور سکول میں چیک کریں۔
- بچوں کے بال بنے ہوئے اور ناخن کٹے ہوئے ہونے چاہییں۔
- کلاس، سکول اور کینٹین ہر جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کی مشق کرائیں۔
- ریپرز وغیرہ کوڑادان میں پھینکنے کی مشق کرائیں۔
- روزانہ صاف ستھرا آنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

Laurel Publishers

## جزو (ج) پیارے نبی کی پیاری دعا


**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اس دعا کو ترجمہ کے ساتھ یاد کر سکیں
- روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

### مشق

**الف: علم میں اضافہ کی دعا میں رنگ بھریں۔**




## جزو (د) اِسلامی آداب

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات کو یاد کر سکیں۔
- ان کلمات کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- درست مواقع پر ان کلمات کا استعمال سیکھ سکیں۔

**ہدایات برائے والدین:**

گھر میں بچوں کا ان کلمات کا مفہوم سمجھا کر بار بار دہرائی کرائیں۔

Laurel Publishers

# نبوت و رسالت

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- اس بات پر ایمان پختہ کریں۔ کہ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اٰ ءَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اٰ ءَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ کے بعد ہمیشہ کے لئے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

## مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **نبی اور رسول کسے کہتے ہیں؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی اور ہدایت کے لئے احکامات نازل فرمائے۔ اللہ نے یہ احکامات اپنے خاص بندوں کے ذریعے تمام انسانوں تک پہنچائے لہٰذا ان خاص بندوں کو نبی اور رسول کہتے ہیں۔

2. **اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے کتنے انبیائے کرام علیہم السّلام دنیا میں بھیجے؟**

**جواب:** کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

3. **انبیائے کرام علیہم السّلام کو دنیا میں بھیجنے کا مقصد کیا ہے؟**

**جواب:** انسانوں کی رہنمائی اور ہدایت۔

4. **آخری نبی علیہ السّلام کا نام لکھیں۔**

**جواب:** حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اٰ ءَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّم۔

**ب: دیئے گئے الفاظ کے ساتھ خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ختم | رہنمائی | ایک لاکھ چوبیس ہزار | چار |

1. اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی **رہنمائی** کے لئے احکامات نازل فرمائے۔
2. اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے کم و بیش **ایک لاکھ چوبیس ہزار** انبیائے کرام علیہم السّلام دنیا میں بھیجے۔
3. اللہ تعالیٰ نے تمام انبیائے کرام علیہم السّلام میں سے **چار** کو مقدس کتابیں عطا فرمائیں۔
4. اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اٰ ءَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ پر نبوت کو **ختم** فرمادیا ہے۔

**ج: سرگرمیاں (Activities)**

عقیدۂ ختم نبوت کے متعلق آیت قرآنی مع ترجمہ کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

سبق نمبر ۵

# خاتم النّبیّن حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## جزو (الف) تعارف

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ولادت مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے گھرانے کے متعلق جان سکیں۔
- حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی شخصیت مبارکہ سے لگاؤ اور وابستگی پیدا کر سکیں

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کب پیدا ہوئے؟**

**جواب:** 12 ربیع الاول 571ء کو پیر کے دن پیدا ہوئے

2. **ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کس شہر میں پیدا ہوئے؟**

**جواب:** مکہ مکرمہ

3. **آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟**

**جواب:** سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ

4. **آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟**

**جواب:** سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا

5. **آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا جان کا کیا نام تھا؟**

**جواب:** حضرت عبد المطلب

**ہدایت برائے اساتذہ:**

اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ انبیائے کرام علیھم السّلام کی قبور کو ادب و احترام کی وجہ سے روضہ مبارک کہتے ہیں۔

Laurel Publishers

**ب:** **کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا جان کا نام | پیر |
| آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا روضہ مبارک | 63 سال |
| آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش کا دن | مدینہ منورہ |
| والدہ ماجدہ کے وصال کے وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر مبارک | حضرت ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
| آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے وصال مبارک کے وقت عمر مبارک | 6 |

**ج:** **دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

خانہ کعبہ — حضرت ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ — آٹھ — مدینہ منورہ — بہترین

1. جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر مبارک **آٹھ** سال ہوئی تو حضرت عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ وفات پا گئے۔
2. دادا جان کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش **حضرت ابو طالب** رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کی۔
3. شہر مکہ مکرمہ میں **خانہ کعبہ** ہے۔
4. آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ دنیا کے **بہترین** انسان ہیں۔
5. آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا روضہ مبارک **مدینہ منورہ** میں ہے۔

## سرگرمیاں

ا۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ولادت کی خوشی منانے کا اہتمام سکول میں کیا جائے اور اساتذہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی مبارک زندگی کے واقعات آسان زبان میں بچوں کو بتائیں۔

۲۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے آباو اجداد کے اسمائے گرامی کا چارٹ بنا کر کلاس میں آویزاں کریں۔

۳۔ روضۂ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر جانے کے لیے راستہ بنائیں اور ایک دوسرے کی مدد کریں۔



**ہدایت برائے والدین:**

بچوں کے دلوں میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت پیدا کرنے کیلئے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی حیاتِ مبارکہ کے واقعات کہانی کے انداز میں سنائیں۔

Laurel Publishers

## جزو (ب) اخلاقِ حسنہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائے کہ وہ:

- نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفی خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔
- سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاق حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب کے لئے ہاں یا نہیں پر (Tick) کا نشان لگائیں۔**

1. سچ بولنا اچھی بات ہے۔ ✔ ہاں / نہیں
2. دوسروں سے نرمی سے بات کرنی چاہیے۔ ✔ ہاں / نہیں
3. سلام میں پہل نہیں کرنی چاہیے۔ ہاں / نہیں ✔
4. امانت میں خیانت نہیں کرنی چاہیے۔ ✔ ہاں / نہیں

**ب: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| محبت | مکمل | صادق | بہترین | امین |
|---|---|---|---|---|

1. عطا اور عفیفہ نے اسکول کا کام **مکمل** کر لیا۔
2. حضرت محمد مصطفی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ دنیا کے **بہترین** انسان تھے۔
3. آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ **صادق** اور **امین** کے لقب سے مشہور تھے۔
4. اللہ تعالیٰ سچ بولنے والوں سے **محبت** فرماتا ہے۔

Laurel Publishers

## سرگرمیاں

ا۔ ہر وہ کام اچھا ہے جو حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سنت کے مطابق ہے۔ نیچے کچھ کاموں کی تصاویر لگائیں۔ پیارے بچو! آپ کو تصاویر کے متعلق ہدایات دی گئیں ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| قرآن پاک کی تلاوت | پلیٹ کو کھانے سے بھر لینا | دانت صاف کرنا |
|  |  |  |
| صفائی کا خیال رکھنا | دائیں کروٹ سونا | بیٹھ کر پانی پینا |
|  |  |  |
| بچیوں کا سر ڈھانپنا | اپنا کام خود کرنا | لڑائی کرنا |

### ہدایات برائے اساتذہ

- بچوں کو کلاس میں باہمی بات چیت کے دوران اچھے اخلاق کی تلقین کریں اور عملی مشق کرائیں۔
- وقفے کے دوران، کینٹین پر، واش روم کے باہر انتظار کرتے ہوئے اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنے کی مشق کرائیں۔

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- صحابی کی تعرف جان سکیں۔
- سب سے پہلے ایمان لانے والوں کے متعلق جان سکیں۔

## مشق

**الف: سب سے پہلے ایمان لانے والوں کے نام تلاش کریں اور نیچے دی گئی جگہ پر لکھیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ع | ل | ی |
| ب | ک | ھ | ف | ر | ع |
| و | خ | د | ی | ج | ہ |
| ب | ش | د | ز | ب | م |
| ک | ل | گ | ی | ن | ط |
| ر | ز | س | د | ے | ت |

ابو بکر رضی اللہ عنه

علی رضی اللہ عنه

خدیجہ رضی اللہ عنه

زید رضی اللہ عنه

**سرگرمیاں:** ا۔ اساتذہ کی مدد سے چار مزید صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے نام تلاش کر کے لکھیں۔

۲۔ عشرۂ مبشرہ صحابۂ کرام کا تعارف اور ان کے اسمائے گرامی کا چارٹ تیار کروا کر کمرۂ جماعت میں لگائیں۔

Laurel Publishers

# عبادات

## جزو (الف) مسجد

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان لیں کہ " نماز پڑھنے کے لیے خاص جگہ مسجد کہلاتی ہے"۔
- مسجد کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- مسجد کا احترام کر سکیں۔

### مشق

**ب: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 مسجد کسے کہتے ہیں؟**

جواب: نماز پڑھنے کے لیے خاص کی گئی جگہ مسجد کہلاتی ہے۔

**2 مسجد کے پانچ آداب لکھیں۔**

جواب: ۱۔ مسجد میں صاف ستھرے کپڑے پہن کر آئیں

۲۔ مسجد میں باوضو ہو کر جائیں

۳۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں اندر رکھیں

۴۔ مسجد میں کوئی ایسی چیز کھا کر نہ جائے جس سے منہ میں بدبو آئے


۵۔ مسجد سے نکلتے وقت پہلے بایاں پاؤں باہر رکھیں

**3 سب سے زیادہ اجر والی مسجدوں کے نام لکھیں۔**


جواب: ۱)مسجد الحرام ۲)مسجد نبوی

۳)مسجد اقصیٰ


**ج: اساتذہ کی مدد سے تصاویر کو دیکھ کر درج ذیل مسجدوں کے نام لکھیں۔**




مسجد الحرام




مسجدِ نبوی



مسجدِ اقصیٰ



بادشاہی مسجد



فیصل مسجد




آیا صوفیا مسجد

**سرگرمیاں:**

۱۔ والد جمعہ کے دن خاص طور پر اور باقی ایام میں نماز کے لیے بچے کو مسجد لے جائیں اور مسجد کے آداب کی عملی مشق کرائیں۔

۲۔ پیارے بچو! آپ نمبروں کو ترتیب سے ملائیں اور دیکھیں کہ کون سی تصویر بنتی ہے۔ تصویر میں خوبصورت رنگ بھریں۔



**ہدایت برائے والدین:**

والدین روزانہ بچوں کو نماز کے لئے مسجد لے کر جائیں تاکہ ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے گھر کی محبت پیدا ہو سکے۔

## جزو (ب) اذان

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- جان لیں کہ اذان نماز کے لئے پکار کا نام ہے۔
- اذان کی اہمیت جان سکیں۔
- اذان کہنا سیکھ سکیں۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **اذان کا کیا معنی ہے؟**

جواب: پکارنا

2. **اذان کیوں کہی جاتی ہے؟**

جواب: مسلمانوں کو نماز کے لیے بلانے کے اعلان کے طور پر اذان کہی جاتی ہے

3. **اذان کہنے کے دو آداب لکھیں۔**

جواب: باوضو ہونا، قبلہ کی طرف منہ کرنا

4. **اذان سننے کے دو آداب لکھیں۔**

جواب: اذان کے دوران خاموش رہنا چاہیے ، اذان کے بعد کلمہ طیبہ اور دعا پڑھنی چاہیے

5. **اپنے علاقے کی سب سے بڑی مسجد کا نام لکھیں۔**

جواب: بادشاہی مسجد

**ب: درست جواب پر (Tick) کا نشان لگائیں۔**

1. دن میں کتنی بار اذان کہی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | 4 | ۲ | 6 |
| ۳ | 3 | ۴ | 5 ✔ |

2. اذان کہنے والے کو کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | خطیب | ۲ | مؤذّن ✔ |
| ۳ | امام | ۴ | استاد |

**سرگرمیاں:**

بچے اذان کے کلمات یاد کرنے اور اذان کہنے کی کوشش کریں۔

**نوٹ برائے طلباء و اساتذہ:**

والدین پہلے مرحلے پر بچے کو گھر میں اذان کہنے کی ترغیب اور موقع دیں تاکہ ان میں خود اعتمادی پیدا ہو۔

## جزو (ج) نماز

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔
- یہ جان لیں کہ نماز ادا کرنے کے لئے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔
- پنجگانہ نمازوں کے نام جان سکیں۔

### مشق

**الف: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

نماز    شکر    پانچ    خانہ کعبہ    وضو

1. نماز کے ذریعے ہم اللہ تعالیٰ کا **شکر** ادا کرتے ہیں۔
2. نماز کے دوران منہ **خانہ کعبہ** کی طرف کیا جاتا ہے۔
3. ہم دن میں **پانچ** بار نماز پڑھتے ہیں۔
4. اللہ تعالیٰ **نماز** پڑھنے والوں سے خوش ہوتا ہے۔
5. نماز سے پہلے **وضو** کرنا ضروری ہے۔

**ب: پیارے بچو! حروف کو غور سے دیکھیں اور پانچ نمازوں کے نام تلاش کرکے ترتیب سے لکھیں۔**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| و | ا | ع | س | ف | ج | ر |
| ب | ک | ل | ق | م | و | ش |
| ٹ | و | ز | گ | غ | س | ع |
| ع | ش | ا | ء | ر | ن | ظ |
| ڈ | ل | پ | ط | ب | م | ہ |
| ح | ت | ی | ہ | د | ے | ر |
| ڑ | ع | ص | ر | ش | ب | ا |

ج: سوالات کے جواب دیں۔

1 نماز پڑھنے سے پہلے کیا کرنا ضروری ہے؟

جواب: وضو

2 نماز اسلام کا کون سا رکن ہے؟

جواب: دوسرا

3 مسلمان نماز کیوں پڑھتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے، نماز پڑھنے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں، نماز پڑھ کر ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں

4 ہم دن اور رات میں کتنی بار نماز پڑھتے ہیں؟

جواب: پانچ نمازیں

5 بچوں کو کس عمر میں نماز پڑھانی چاہیے؟

جواب: سات سال

6 بچے ترتیب سے نمازوں کے نام تحریر کریں۔

جواب: 1۔ فجر 2۔ ظہر 3۔ عصر 4۔ مغرب 5۔ عشاء

**ہدایات برائے اساتذہ:**

- اساتذہ بچوں کی بتائیں کہ مسجد میں نماز پڑھنے کا اجر زیادہ ہے۔
- اس سے طلباء کو مسجد میں نماز پڑھنے کی ترغیب ملے گی۔
- مسجد میں نماز پڑھنے کا ستائیس گنا زیادہ ثواب ملتا ہے۔

**ہدایات برائے والدین:**

- گھر میں والدین نماز کی پابندی کریں اور دوران نماز بچوں کو ساتھ کھڑا کریں تاکہ بچے نماز پڑھنے کا طریقہ سیکھ سکیں۔

**سرگرمی:**

- نماز پڑھنے کا طریقہ یاد کریں اور امّی اور ابّو کے ساتھ مل کر نماز پڑھیں۔
- والدین ابتدائی طور پر بلند آواز میں پڑھیں تاکہ بچّے نماز کا صحیح طریقہ سیکھ سکیں۔

# آداب زندگی

## جزو (الف) اچھے اخلاق

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- قرآن و سنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

### مشق

**الف: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

پیار اخلاق عادت

1. تم میں سب سے اچھا وہ ہے جس کے **اخلاق** اچھے ہیں۔
2. **اخلاق** کا معنی عادت ہے۔
3. بااخلاق بچے سے سب **پیار** کرتے ہیں۔

**ب: سوالات کے جواب دیں**

1. **اخلاق سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** عادات

2. **تین اچھی عادات لکھیں۔**

**جواب:** سچ بولنا، جھگڑا نہ کرنا، دوسروں کی مدد کرنا

3. **ایسے دو کام لکھیں جو ہمیں نہیں کرنے چاہیے۔**

**جواب:** جھوٹ نہیں بولنا چاہیے، جھگڑا نہیں کرنا چاہیے



Laurel Publishers

ج: مندرجہ ذیل میں سے درست جواب پر ( ✔ ) کا نشان لگائیں۔

**1** **اگر آپ کو راستے میں زمین پر گری ہوئی کوئی چیز ملے تو آپ کیا کریں گے / گی؟**

ا۔ اٹھا کر چھپا لیں گے / گی۔

۲۔ اسے اس کے مالک تک پہنچانے کی کوشش کریں گے / گی۔ ✔

۳۔ اسے استعمال کر لیں گے / گی۔

**2** **اگر آپ کو ایک پرندہ زخمی حالت میں ملے تو آپ کیا کریں گے / گی؟**

ا۔ اُسے نظر انداز کریں گے / گی۔

۲۔ اُسے مار دیں گے / گی۔

۳۔ اُسے گھر لا کر مرہم پٹی کریں گے / گی۔ ✔

**3** **اگر آپ کا دوست آپ سے لڑائی کرے تو آپ کیا کریں گے / گی؟**

ا۔ لڑائی سے بچنے کی کوشش کریں گے / گی۔ ✔

۲۔ لڑائی کا جواب لڑائی سے دیں گے / گی۔

۳۔ خوب ہاتھا پائی کریں گے / گی۔

**4** **گھر میں امّی جان یا ابّو جان اکیلے کام کر رہی / رہے ہوں تو آپ کیا کریں گے / گی؟**

ا۔ انہیں کام کرنے دیں گے / گی۔

۲۔ اُن کی مدد کریں گے / گی۔ ✔

۳۔ انہیں تنگ کریں گے / گی۔

## جزو (ب) سلام کرنا (السّلام علیکم)

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔
- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- سلام کرنے کا طریقہ و آداب سیکھ سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

Laurel Publishers

# مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 جب ایک دوسرے سے ملیں تو کیا کہنا چاہیے؟**

**جواب:** السّلام علیکم کہنا چاہیے

**2 سلام کے جواب میں کیا کہنا چاہیے؟**

**جواب:** وعلیکم السّلام

**3 سلام کرنے سے کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟**

**جواب:** دس نیکیاں

**4 السّلام علیکم کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** تم پر سلامتی ہو

**ب: کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| چھوٹے بڑوں کو | وعلیکم السّلام کہیں |
| سلام کرنے سے | دس نیکیاں ملتی ہیں |
| جب کوئی سلام کرے تو جواب میں | سلام کریں |
| سلام میں | پہل کرنی چاہیے |

**سرگرمیاں:**

1 جماعت میں السّلام علیکم ورحمۃ اللہ اور وعلیکم السّلام ورحمۃ اللہ کہنے کی عملی مشق کروائی جائے اور ساتھ ہی ساتھ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ بھی کروایا جائے۔

2 بچوں کو تعلیم دیں اور عملی مشق کرائیں کہ سکول اوقات میں کلاس میں آتے ہوئے، دوسری کلاس میں جاتے ہوئے، کینٹین پر جاتے ہوئے پہلے سلام کریں۔ رستے میں جو طالب علم یا استاد ملے تو اسے بھی سلام کریں۔ اگر کوئی آپ کو سلام کرے تو اس کا جواب دیں۔

**ہدایت برائے والدین: (Instruction for parents)**

- والدین گھر پر بچوں کی سلام میں پہل کرنے پر حوصلہ افزائی کریں تاکہ ان کی یہ عادت پختہ ہو سکے۔

Laurel Publishers

# جزو (ج) صفائی

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- صفائی کی اہمیت جان سکیں
- خود صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت جان سکیں
- اپنے گھر اور اسکول کو صاف رکھنے کے طریقے بتا سکیں۔


## مشق

**الف: درست الفاظ کے ذریعے خالی جگہ پُر کریں۔**

1. اللہ تعالیٰ **صاف ستھرے** لوگوں کو پسند فرماتا ہے
2. صفائی **نصف** ایمان ہے۔
3. ہفتے میں **ایک** بار ناخن تراشیں۔
4. اسکول اور گھر **کو صاف ستھرا** رکھیں۔
5. صاف ستھرا انسان **صحت مند** رہتا ہے۔

| | |
|---|---|
| صاف ستھرے | گندے |
| پورا | نصف |
| ایک | دو |
| صاف ستھرا | گندا |
| بیمار | صحت مند |

**ب: مندرجہ ذیل چیزوں سے صفائی کا کیا کام لیا جاتا ہے؟**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
|  |  |  |  |  |
| برش | صابن | شیمپو | ناخن تراش | کنگھی |

**ج: کیا آپ اپنی صفائی کا خیال رکھتے ہیں؟ اگر جی تو درست جواب کے سامنے ستارا بنائیں اور آخر میں اپنے ستارے گنیں۔**

۱۔ ہر روز نہاتے ہیں۔

۲۔ دن میں دو بار دانت برش کرتے ہیں۔

۳۔ اپنے کپڑے صاف ستھرے رکھتے ہیں۔

۴۔ کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں ڈالتے ہیں۔

۵۔ اپنی چیزیں سنبھال کر رکھتے ہیں۔

۶۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے ہیں۔

Laurel Publishers

۷۔ پارک میں جا کر گندگی پھیلاتے ہیں۔

۸۔ سفر کے دوران کوڑا گاڑی سے باہر پھینکتے ہیں۔

**سرگرمیاں:**

- روزانہ ایک بچے کی ذمہ داری لگائیں کہ وہ جماعت کی صفائی کا جائزہ لے تا کہ بچوں میں احساس ذمہ داری پیدا ہو سکے

**ہدایات برائے والدین واساتذہ:**

- والدین کو چاہیے کہ وہ گھر میں اور اساتذہ سکول میں بچوں کی صفائی کا نہ صرف خیال رکھیں بلکہ انہیں اس کی پابندی کرائیں تا کہ ان کی عادت پختہ ہو سکے۔

Laurel Publishers

سبق نمبر ۸

# انبیائے کرام علیہم السلام

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- جان سکیں کہ اللہ تعالی نے انبیائے کرام **علیہم السلام** کو انسانون کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- انبیائے کرام **علیہم السلام** کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔
- انبیائے کرام **علیہم السلام** کی صفات کے بارے میں مختصرا جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی حضرت محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّمَ
- رسالت کے تصور سے آگاہ ہو سکیں۔

## مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 نبی کون ہوتے ہیں؟**

جواب: نبی اللہ کے خاص بندے ہوتے ہیں، نبی خبر دینے والے کو کہتے ہیں، اللہ تعالٰی ان کے ذریعے اپنے بندوں کو سیدھا راستہ دکھاتا ہے

**2 سب سے پہلے نبی کا نام کیا ہے؟**

جواب: سیدنا آدم علیہ السلام

**3 اللہ تعالٰی کے آخری نبی کون ہیں؟**

جواب: سیدنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ سَلَّم

**4 اللہ تعالٰی نے کم و بیش کتنے انبیائے کرام علیہم السّلام دنیا میں بھیجے؟**

جواب: کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار

**5 انبیائے کرام علیہم السّلام کے دنیا میں آنے کا کیا مقصد ہوتا ہے؟**

جواب: ان کے ذریعے اللہ تعالٰی انسانوں تک اپنا پیغام پہنچاتا ہے، ان کا مقصد انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی ہے

**6 رسول کا کیا مطلب ہے؟**

جواب: پیغام پہنچانے والے کو رسول کہتے ہیں

Laurel Publishers

**ب: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 26 | آخری | خاتم النّبیّین | انبیائے کرام علیھم السلام | خبریں دینے والا |

1. اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے **انبیائے کرام علیھم السّلام** بھیجے۔
2. حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم **خاتم النّبیّین** ہیں۔
3. قرآن مجید میں **26** انبیاء کا ذکر ہے۔
4. نبی کا مطلب ہے **خبریں دینے والا**
5. حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے **آخری** نبی ہیں۔

## سرگرمیاں (Activities)

1. طلبہ کو انبیائے کرام علیھم السّلام بالخصوص نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے معجزات کے بارے میں بتایا جائے۔
2. صاحب کتاب انبیائے کرام علیھم السّلام کے اسمائے مبارکہ کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ہدایت برائے والدین

گھر میں قصص الانبیاء علیھم السّلام کی کتابوں سے انبیائے کرام علیھم السّلام کی زندگیوں سے واقعات بطور کہانی بچوں کو سنائیں۔

منہاج ایجوکیشن سوسائٹی (MES) کی تیار کردہ انبیائے کرام علیھم السّلام سیریز سے بھی مدد لی جاسکتی ہے۔